# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## کلیۂ عربی و علوم اسلامیہ
## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: سیرت النبی ﷺ کا موضوعاتی مطالعہ معاشرتی و معاشی پہلو، (3902)　　　سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (سیرت سٹڈیز)**

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔ (تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

1. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
2. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
3. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
4. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
5. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
6. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ1-4)

سوال نمبر1-عہدِ نبوی ﷺ میں اسلامی معاشرے کی تشکیل کے بنیادی عناصر کا جائزہ لیں اور واضح کریں کہ ان سے عصرِ حاضر کے معاشرے کی تعمیر و اصلاح کے لیے کیا رہنمائی حاصل ہوتی ہے؟ (20)

سوال نمبر2-سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں ایک اچھے شہری کے اوصاف اور فرائض بیان کریں اور واضح کریں کہ ان اصولوں کا عصرِ حاضر میں مؤثر اطلاق کس طرح کیا جا سکتا ہے؟ (20)

سوال نمبر3-اسلامی ریاست میں شہریوں کے بنیادی حقوق کی وضاحت کریں اور تجزیہ کریں کہ ان اصولوں کا عصرِ حاضر میں منصفانہ اور پُر امن معاشرے کے قیام میں کس طرح اطلاق کیا جا سکتا ہے؟ (20)

سوال نمبر4- یونٹ نمبر چار میں آپ نے نبی کریم ﷺ کی عائلی زندگی کا مطالعہ کیا ہے، اس کا خلاصہ سپرد قلم کریں نیز اس کی روشنی میں موجودہ زمانے میں ہماری عائلی زندگی میں اصلاح کی تجاویز تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5- ہجرت سے قبل یثرب کے حالات اور آبادی پر مفصل مضمون قلمبند کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ5-9)

سوال نمبر1۔ تجارت کی فضیلت اور بنیادی اصول واضح کریں نیز عصرِ حاضر کے کاروباری معاملات میں ان اصولوں سے راہنمائی لینے کا عملی طریقہ کار متعین کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ زکوۃ کے مصارف بیان کریں نیز انفاق فی سبیل اللہ کے معاشرتی اثرات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ یونٹ نمبر سات میں درج نبی کریم ﷺ کی معاشی تعلیمات کا خلاصہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ معاشی زندگی میں ممنوعات (محرمات) پر نوٹ لکھیں نیز موجودہ زمانے میں لوگوں کی معاشی زندگی میں ان ممنوعات کے موجود ہونے کی نشاندہی اور اس کے تدارک کی صورتیں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ تقسیم دولت کے مفہوم، اہمیت اور صورتوں پر مفصل مضمون لکھیں۔ (20)